F.6-4 (Edit)/2021 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 12/10/2021

نئے جوش و جذبے کے ساتھ مالیگاؤں میں چوبیسواں کل ہند اردو کتاب میلہ منعقد کرے گی کونسل: شیخ عقیل احمد

نوجوان نسل اور ادب اطفال کتاب میلے کا بنیادی تھیم

نئی دہلی: اردو کے تئیں مالیگاؤں کے شائقین زبان و ادب کی محبت اور انجمن محبانِ اردو کتب مالیگاؤں کی درخواست کو مدِنظر رکھتے ہوئے قومی اردو کونسل نے اپنا چوبیسواں اردو کتاب میلہ مالیگاؤں میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے ڈائرکٹر پروفیسر شیخ عقیل احمد نے بتایا کہ اس بار کتاب میلہ 9 دن کے بجائے 10 دن (3 تا 12 دسمبر 2021) تک جاری رہے گا۔انھوں نے کہا کہ کووڈ 19 سے پورا ملک متاثر ہوا تھا جس کی وجہ سے گذشتہ سال کتاب میلے کا انعقاد ممکن نہ ہوسکا، مگر اب حالات قدرے سازگار ہورہے ہیں اور بیشتر سرگرمیاں معمول پر لوٹ رہی ہیں، اس لیے کونسل اردو زبان و ادب کے فروغ اور بالخصوص نئی نسل کو کتابوں سے جوڑنے کی مہم کے تحت مالیگاؤں میں کتاب میلہ منعقد کرنے جارہی ہے۔انھوں نے کہا کہ اس کتاب میلے میں حکومت کی جانب سے جاری ہونے والی کووڈ 19 سے متعلق سبھی احتیاطی تدابیر اور ہدایات پر عمل کیا جائے گا۔

میلے کے مقام کے تعین اور دیگر انتظامی امور کے تعلق سے صلاح و مشورہ کی غرض سے میلے کے انچارج جناب اجمل سعید (اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر) نے مالیگاؤں کا دورہ کیا اور وہاں کے اعلیٰ سرکاری افسران اور مقامی تنظیموں کے سربراہان سے ملاقات کی جس کی رپورٹ انھوں نے ڈائریکٹر قومی اردو کونسل کو سونپی۔ مالیگاؤں کے ایڈیشنل ایس پی، ایس ڈی ایم اور معزز شخصیات کو میلے کی تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔سبھی افسران اور ذمہ داران حکومت نے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کو مبارکباد دیتے ہوئے ہرطرح کے تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔

واضح ہو کہ 2014 میں مالیگاؤں ریجنل اردو کتاب میلے کی کامیابی کو دیکھتے ہوئے قومی اردو کونسل نے مالیگاؤں سوسائٹی آف ایجوکیشن کے تعاون سے چوبیسواں کل ہند اردو کتاب میلہ ایٹی ٹی ہائی اسکول اور مراٹھا ہائی اسکول مالیگاؤں میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میلے کے دوران کتابوں کے اسٹال مراٹھا ہائی اسکول میں لگیں گے جبکہ ثقافتی پروگرام کا انعقاد اے ٹی ٹی ہائی اسکول میں کیا جائے گا۔کونسل کے ڈائریکٹر پروفیسر شیخ عقیل احمد کے مطابق اس کتاب میلے کا بنیادی تھیم نوجوان نسل اور ادب اطفال ہے اور اس میں ادب اطفال پر مشتمل کتابوں کی نمائش پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔انھوں نے مالیگاؤں ایجوکیشن سوسائٹی سمیت اردو کی سبھی فعال اور سرگرم شخصیات اور مقامی تنظیموں سے جڑے ہوئے افراد سے کتاب میلے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی اپیل کی اور امید ظاہر کی ہے کہ گذشتہ میلے کی طرح اس بار بھی مالیگاؤں کے شیدائیان اردو زبان و ادب کتاب میلے کو کامیابی سے ہم کنار کرانے میں غیر معمولی دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے۔

(رابطہ عامہ سیل)